آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبر نامہ لے کر میں سید تجمل اندرابی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائینز

*....... وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے دہائیوں تک دہشت پسندی کی مدد کرنے اورتربیتی کیمپ چلانے کیلئے کی پاکستان کی نکتہ چینی ۔

*....... وزیر اعلی عمر عبداللہ نے جموں میں متعدد ترقیاتی پروجیکٹوں کو کیا عوام کے نام وقف// دردست پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل پر دیا زور ۔

*........ PDP کے بانی اور سابق وزیر اعلیٰ مفتی محمد سعید کو ان کی دسویں برسی پر کیا گیا خراج عقیدت ادا ۔

اور

*PSLV-C62 .......اسرو 12جنوری کو کرے گی لانچ

جے شنکر

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے ملک میں دہشت گردی کی معاونت کرنے کیلئے دہائیوں تک تربیتی کیمپ چلانے کیلئے پاکستان کی نکتہ چینی کی ہے۔

Luxembourg میں آج بھارتی برادری کے ارکان کے ساتھ بات کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہاکہ آج کل کے دور میں کچھ ممالک صرف وہیں پر کارروائی کرتے ہیں جہاں انہیں فائدہ ملے ،تاہم کچھ ایسے بھی ممالک ہیں جو بھارت کو مفت میں صلاح دیتے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ اسی طرح کی صورتحال آپریشن سندور کے دوران پیش آئی جب کچھ ممالک نے پیدا شدہ تناؤ پر تشویش ظاہر کی لیکن انہوں نے اپنے خطوں میں در پیش مسائل کو نظر انداز کیا ۔

PM

وزیر اعظم نریندر مو دی نے اسرائیل کے وزیر اعظم Benjamin Netanyahu کے ساتھ فون پر بات کی اور بھارت اسرائیل شراکت داری کو مضبوط کرنے سے جڑے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوننے تمام صورتوں میں دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی اختیار کرنے کے عزم کو دہرایا۔

جتندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ سائنسی پروگراموں کا جائزہ اور تجزیہ حقیقی دنیا کے اثرات کے تناظر میں ہونا چاہیے، جن سے روزگار پیدا کرنے اور سماج میں بہتری لانے میں تعاون مل سکے۔

کی اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کے  CSIRنئی دلّی کے کونسل آف سائنسٹفک اینڈ انڈسٹریل ریسرچ، دوران ڈاکٹر سنگھ نے واضح کیا کہ اس بات پر توجہ مرکوز کی جانی چاہیے کہ تجربہ گاہوں کی اختراعات کو کس طرح زمینی سطح پر فائدہ مند بنایا جائے۔

وزیر اعلیٰ

محکمے کے ایک ارب19 کروڑ روپے R&B وزیرا علیٰ عمر عبداللہ نے جموں میں ورچول طریقے پر لاگت والے پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور 33کروڑ روپے لاگت والے پروجیکٹوں کا ای افتتاح کیا ۔ انہوں نے ایک میٹنگ کے دوران محکمے کی طرف سے در دست لئے گئے پروجیکٹوں کی پیشرفت کا بھی جائزہ لیا ۔

انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ پروجیکٹوں کی عمل آوری میں حائل رکاوٹوں کو ترجیحی بنیادوں پر دور کریں اور تمام پروجیکٹوں کی مقرر ہ مدت کے اندر تکمیل کو یقینی بنائیں ۔ انہوننے کہاکہ سڑکوں کے معیار کو یقینی بنانے کی طرف خصوصی توجہ دی جانی چاہیئے۔

اس میٹنگ میں نائب وزیر اعلیٰ سُریندر چودھری ، وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی ، چیف سیکریٹری اٹل ڈلو اور کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

عمر کھٹوعہ

ادھر وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کھٹوعہ میں آج 11کروڑ 58لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر کئے گئے کئی پروجیکٹوں کا ای افتتاح کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہاکہ ان پروجیکٹونکی بدولت روز گار کے مواقعے پیدا ہونے کے ساتھ ساتھ ضلع میں تعلیم اور دیہی ترقی کے بنیادی ڈھانچے کو تقویت حاصل ہوگی ۔

میٹنگ میں نائب وزیر اعلیٰ، کا بینی وزرائ، کٹھوعہ کے ڈی سی چیرمین، ضلعے کے ممبران اسمبلی اور کئی دیگر افسران بھی موجود تھے۔ میٹنگ کے دوران نائب وزیراعلی سریندر کمار چودھری نے لیبر محکمے جبکہ وزیرصحت سکینہ ایتو نے صحت شعبے سے جڑے امور کا جائزہ لیا۔

عمر عبداللہ

دریں اثنا وزیر اعلیٰ نے ایک اور میٹنگ میں آج کھٹوعہ ضلع کے ترقیاتی منظر نامے کا جائزہ لیا۔ انہوں نے منظور شدہ تمام پروجیکٹوں کی عمل آوری میں تیزی لانے کی ہدایات دیں ۔ انہو ں نے کہا کہ خاص طور سے بجلی ، پانی ، طبی نگہداشت اور شعبہ تعلیم کے پروجیکٹوں کو جلد ا زجلد مکمل کیاجانا چاہئے تاکہ زمینی سطح پر لوگ استفادہ کر سکیں ۔

چیر پرسن اور ارکان اسمبلی DDC میٹنگ میں کابینی وزراء، وزیر اعلیٰ کے مشیر ، کھٹوعہ ضلع کے کے علاوہ کئی دیگر افسران موجود تھے۔

سانبہCM

وزیر اعلیٰ نے جموں صوبے کے سانبہ ضلعے میں جا ری ترقیاتی سرگرمیوں کا بھی ایک میٹنگ میں جائزہ لیا۔ انہوننے مختلف پروجیکٹوں کی راہ میں حائل رُکاوٹوں کو دور کرنے اور انہیں جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت دی ۔

کا بینی وزراءکے علاوہ وزیر اعلیٰ کے مشیر اور ضلعے کے سبھی ممبران اسمبلی میٹنگ میں موجود تھے۔

**NC**

**نیشنل کانفرنس کے لیڈر اور کا بینہ وزیر جا وید احمد رانا سے آج پارٹی ہیڈ کواٹر سرینگر میں پارٹی لیڈران، ممبران اسمبلی اور کارکن ملاقی ہوئے۔ انہوننے وزیر کو اپنے اپنے علاقوں کے مسائل اور مطالبات سے آگاہ کیا۔ ان مسائل کا تعلق سڑک رابطوں، بجلی، پانی، تعلیم اور طبی نگہداشت جیسے شعبوں سے تھا۔ جاوید رانا نے انہیں یقین دلایا کہ موجودہ حکومت لوگوں کے مسائل حل کرنے کی وعدہ بند ہے اور ان کے ساتھ کئے گئے تمام وعدوں کو پورا کیا جائے گا۔**

**دریں اثناءنیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے پارٹی کے ایک رُکن اور منڈی پونچھ کے بلاک صدر بشیر نائیک کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔**

**MBBS**

**ریاسی کے کٹرہ میں واقع شری ماتا ویشنو دیوی انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل ایکسی لینس کا تعلیمی سال 26-2025 MBBS کا پچاس سیٹوں کا اجازت نامہ منسوخ کردیا گیا ہے۔ نیشنل میڈیکل کمیشن کے Assessment and Rating بورڈنے طے کردہ کم از کم پیمانوں کی عدم تکمیل کے باعث میڈیکل میڈیکل کالج کو دیا گیا اجازت نامہ واپس لے لیا ہے۔**

**گذشتہ روز مذکورہ بورڈ کی جانب سے جاری حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ تعلیمی سال 26-2025 کی کاو**

---

**نسلنگ کے دوران کالج میں داخلہ لے چکے سبھی طلبا کو جموں و کشمیر کے دیگر میڈیکل کالجوں ۂ میں ضم کردیا جائے گا۔**

**قومی میڈیکل کمیشن کا فیصلہ فوری طور پر نافذ العمل ہوگیا ہے۔**

**جی رام جی**

**اب خبر جی رام جی سکیم سے متعلق**

**حال ہی میں متعارف کئے گئے قانون ” وکست بھارت ۔ روزگار گارنٹی اور آجیوکا مشن گرامین“ کا عوامی سطح پر وسیع خیر مقدم کیا جا رہا ہے ۔**

**ریاسی سے تعلق رکھنے والے کوالا سنگھ نے اس ضمن میں اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔**

**یہ ہیئراجوری میں ایک سرحدی گاؤں کے سُریش کمار کے تاثرات۔**

**دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ وکست بھارت جی رام جی ایکٹ کو وزیر اعظم کی گتی شکتی پہل سے جوڑا گیا ہے، تاکہ اسے مزید موثر بنایا جا سکے۔**

**دیہی ترقی**

**دیہی ترقی کی مرکزی وزارت نے وکست بھارت جی رام جی کے تحت مالی سال 2026 کے لئے جموں کشمیر کی خاطر چار کروڑ 45 لاکھ روپے کا نظر ثانی شدہ لیبر بجٹ منظور کیا ہے ۔ اس سلسلے میں جموں کشمیر کے محکمہ ترقی نے مرکز کو ایک منصوبہ بھیجا تھا ۔**

تفصیلات کے مطابق مرکزی وزارت نے سیلاب سے متاثرہ 1962 گرام پنچایتوں کے لئے متاثرہ کنبوں کو روزگار فراہم کرنے کی غرض سے ان کے لئے کام کے اضافی 50 دن فراہم کرنے کی بھی منظوری دی ہے ۔

درخشاں

جمونو کشمیر وقف بورڈ کی چیرپرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے آج خانیار سرینگر میں پیر دستگیر صاحب کی زیارت گاہ پر نئے تعمیر کئے گئے بنیادی ڈھانچے کو عوام کے نام وقف کیا۔

اس موقعے پر انہوننے کہا کہ پچھلے تین برسوں کے دوران بورڈ نے اس زیارت گاہ پر عوامی نو عیت کے کئی پروجیکٹ مکمل کئے ۔ انہوننے کہا کہ جمونوکشمیر کی تمام زیارت گاہوں پر سہولیات کو بڑھاوا دینے کی طرف توجہ دی جا رہی ہے۔

بعد میں انہوننے انتظامیہ کی ایک میٹنگ کے دوران معراج عالم کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔

نشہ مکت بھارت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میںایک معروف تاجر میر محمد یاسین نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشو انی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

PDP

پیپلز ڈیموکرٹیک پارٹی کی طرف سے آج بجبہاڑہ میں پارٹی کے بانی اور سابق وزیر اعلیٰ مفتی محمد سعید کو ان کی دسویں برسی پر خراج عقیدت ادا کرنے کیلئے تقریب منعقد ہوئی ۔ پارٹی کے لیڈروں ، کارکنوں اور عام لوگوں نے ان کے مزار پر فاتحہ پڑھی اور جموں کشمیر کے سیاسی منظر نامے میں ان کے کلیدی رول کو اجا گر کیا۔

صدر محبوبہ مفتی نے جموں کشمیرکو ترقی کی راہ پر گامزن کرانے میں مرحوم کی PDP اس موقعے پر کاوشوں پر روشنی ڈالی ۔

انہوں نے عمر عبداللہ کی قیادت میں موجودہ سرکار کی نکتہ چینی کرتے ہوئے کہاکہ یہ حکومت ہر محاذ پر نا کام ہو چکی ہے۔ پی ڈی پی صدر نے الزام لگایا کہ موجودہ سرکار کی غلط پالیسوں کی وجہ سے لوگ گونا گوں مشکلات سے دوچار ہو رہے ہیں۔

اس موقعے پر پی ڈی پی کے سینئر لیڈر نعیم اختر نے ہمارے نمائندے تصدق رشید کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ موجودہ سرکار ہر صورت میں لوگوں کے ساتھ کئے گئے وعدوں کو پورا کرے گی۔ ایک پریس بیان میں انہوننے کہا کہ ان کی پارٹی ہمیشہ جمونو کشمیر کی شناخت اور انفرادیت کو یقینی بنانے کےلئے کام کر تی رہے گی۔ انہوننے مرکزی سرکار سے مطالبہ کیا کہ جمونو کشمیر کا خصوصی درجہ فوری طور سے بحال کیا جائے۔

رمن بھلہ

پردیش کانگریس کمیٹی کے کا ر گذار صدر رمن بھلہ نے آر ایس پورہ حلقے میں لوگوں کے مسائل جاننے کے لئے ایک جامع مہم شروع کر دی ہے۔انہوننے کہا کہ لوگ بنیادی سہولیات سے محروم ہیں اوربےروزگاری کا گراف ہر گذرتے دن کے ساتھ بڑھ رہا ہے۔

ست شرما

بی جے پی جمونو کشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما نے آج جموں میں پارٹی کے جنرل سیکریٹریوں سنجیتا ڈوگرہ، بلدیو سنگھ بلاوریہ ، محمدانور خان اور گوپال مہاجن کی موجودگی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کیا۔

اس موقعے پر ست شر ما نے شری ماتا ویشنو دیوی انسٹی چیوٹ آف میڈیکل ایکسلینس کے تعلق سے نیشنل میڈیکل کمیشن کے فیصلے کی ستائش کی۔ انہوننے کہا کہ کمیشن کی جائزہ کمیٹی نے اس ادارے میں کا فی کمیاں پائیں اور بعد میں پبلک ہیلتھ اور مریضوں کی سلامتی کو مد نظر رکھتے ہوئے اس کی رجسٹریشن رد کر دی۔

دراس

فوج کی جانب سے لداخ کے سرد ترین علاقے دراس میں” جشن فتح“ موضوع کے تحت سالانہ وینٹر کارنیوال کا اہتمام کیا گیا ہے۔ ہمارے کر گل کے نمائندے عنایت علی کے مطابق دراس میں درجہ حرارت منفی22ڈگری سیلسیس تک گر گیا ہے اور اس کے با وجود نوجوان وینٹرکارنیوال کے مختلف پروگراموں میں شرکت کر رہے ہیں۔

لداخ میں حال ہی میں بھاری برفباری ہوئی جس کے بعد وہاں کئی سرمائی کھیلوں کا انعقاد کیا گیا۔ لداخ کے مقامی لوگوں نے ان پروگراموں کے انعقاد کےلئے فوج کی کوششوں کی سراہنا کی ہے۔

اسرو

بھارتی خلائی ریسرچ تنظیمISRO،12 کو جنور ی PSLV-C62 ایک مشن لانچ کرے گی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں اسرو نے اعلان کیا کہ آندھرا پردیش کے سری ہری کوٹہ میں ستیش دھون خلائی مرکز سے صبح10بج کر 17منٹ پر یہ سٹیلائٹ لانچ کیا جائے گا ۔

وال کلینڈر

سریکلچر محکمے کے ڈائریکٹر جنرل اعجاز احمد بٹ نے آج محکمے کا وال کلینڈر جا ری کیا۔ اس موقعے پر انہوننے کہا کہ کلینڈر میں ریشم صنعت کے مختلف پہلوؤں کی عکاسی کی گئی ہے۔

پاسپورٹ کپواڑہ

ریجنل پاسپورٹ آفس سرینگر کی طرف سے8اور 9جنوری کو کپواڑہ میں عام لوگوں کی سہولت کےلئے ایک موبائل پاسپورٹ وین تعینات رہے گی۔ ریجنل پاسپورٹ آفیسر سرینگر بی ایس راوت نے کہا ہے کہ یہ گاڑی ڈپٹی کمشنر دفتر پارک میں موجود رہے گی اور لوگ پاسپورٹ سے جڑی خدمات وہاں سے حاصل کر سکتے ہیں۔

GCC

میرٹ امید وار وں کی Open گروپ آف کنسرنڈ سٹیزن جموں کشمیر نے ریزر ویشن قوانین کے تحت کے چیر مین اور سابق گورنر کے GCC شرح فیصد بڑھانے کے کابینہ منصوبے کی حمایت کی ہے۔ صلاحکار خورشید احمد گنائی نے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے اپیل کی ہے کہ وہ کابینہ کے اس منصوبے کو فوری طور سے منظور ی دیں تاکہ اوپن میرٹ کے ا مید وار مستفید ہو سکیں ۔

پولیس کشمیر

پولیس نے بارہمولہ اور پلوامہ سے تین ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے کا فی مقدار میں نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے۔

جموں پولیس

سانبہ پولیس نے تارا پو رروڈ گڈوال وجے پور میں عادل حسین اور دیپک شرما نامی دو ڈرگ سمگلروں کوگرفتار کرکے ان کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے۔

کشتواڑ نریش سنگھ نے کہا ہے کہ پولیس نے بس اسٹینڈ کشتواڑ میں محمد رجب نامی منشیات SSP فروش کو گرفتار کیا ہے اس کے قبضے سے کچھ مقدار میں چر س بر آمد کی گئی ہے ۔

ضلع پولیس پونچھ نے سرنکوٹ میں بغیر لازمی دستاویزات کے گاڑیاں چلانے والوں کے خلاف ایک مہم چلائی۔ جس دوران 23گاڑیوں کو ضبط کیا گیا ۔

DNL

شعبہ خبر کا تیار کر دہ ڈسڑکٹ نیوز لیٹر پروگرام آج رات ساڑھے8بجے نشر ہو رہا ہے۔ ضلع بارہمولہ سے متعلق بات ہو گی۔

Winter

وادی میں درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔ تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

**فلیگ شپ**

**وزیر اعظم فلیگ شپ پلیٹ فارم نے سال 2015میں اس کی شروعات کے بعد سے اہم سنگ میل طے کئے ۔پرگتی کی بدولت حکمرانی کے نظام میں مثبت بدلاؤ آیا اور وزیر اعظم نریندر مودی کی براہ راست نگرانی سے کلیدی نوعیت کے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کو مکمل کرنے اور مسائل کو حل کرنے میں مدد ملی ۔**

**یہ پلیٹ فارم باہمی وفاقیت کی ایک عظیم مثال ہے جس کے تحت مرکز، ریاستیں اور مرکزی وزارتوں کو ایک ہی ڈیجیٹل مقام پرلانے میں مدد ملی ہے ۔**

**موسم**

**محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے ۔**

**سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت10 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی1اعشاریہ6 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت14 اعشاریہ8 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 8 اعشاریہ7 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔**

**سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر37منٹ اور**

**غروب آفتاب شام5 بجکر37منٹ پر ہو گا۔**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر**

**کشمیری زبان میں نشر ہو گا ۔**

**.................................**

**...............**

**.........**

**...**